# تحفظ

اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان


اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

ستمبر ۲۰۱۶ء




- اسٹیٹ لائف بھوربن کنونشن 2016 کا شاندار انعقاد
- کراچی میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ
- ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا دورۂ ملتان زون
- فیصل آباد ریجن میں جشنِ بہاراں

# تحفّظ




فرمانِ الٰہی

اے لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو نصیحت ہے۔ یہ وہ چیز ہے جو دلوں کے امراض کی شفا ہے اور جو ایمان والوں کے حق میں رہنمائی کرنے والی اور رحمت ہے۔ آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ لوگوں کو اللہ کے فضل اور اس کی رحمت پر خوش ہونا چاہیئے، یہ ان سب چیزوں سے بدرجہا بہتر ہے جنہیں لوگ دنیا میں جمع کر رہے ہیں۔
(سورۂ یونس آیت نمبر 58-57)



فرمانِ رسول ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''ہوشیار درحقیقت وہ ہے جس نے اپنے نفس کو قابو میں کیا اور موت کے بعد آنے والی زندگی سنوارنے میں لگ گیا، اور بے وقوف وہ ہے جس نے اپنے آپ کو نفس کی ناجائز خواہشوں کے پیچھے لگایا اور اللہ پر غلط توقع باندھی''۔



قائداعظمؒ نے فرمایا

آپ کے پاس کامیابی کی کنجی آپ کی آئندہ نسل ہے۔ اپنے بچوں کی اس طرح تربیت کیجئے کہ وہ پاکستان کے قابل فخر شہری اور موزوں سپاہی بن سکیں۔
(کراچی 6 فروری، 1948)



فرمودۂ اقبالؒ

فطرت کے تقاضوں پر نہ کر راہِ عمل بند
مقصود ہے کچھ اور ہی تسلیم و رضا کا
جرات ہو نمو کی تو فضا تنگ نہیں ہے
اے مردِ خدا، ملکِ خدا تنگ نہیں ہے!
(بانگِ درا)

## نقطۂ نظر

# کامیابی کی کسوٹی کیا ہے؟

ہم کیسے لوگ ہیں، خود غرضی اور نفسانفسی ہماری پہچان بن گئی ہے، محض اپنی ذات ہی کے گرد گھومتے رہتے ہیں، ہمیشہ مرکز خیال اپنے ہی کو کیوں بنائے رکھتے ہیں؟ کچھ ''لینے'' کے لیے اپنے سوا کسی کو حقدار نہیں سمجھتے۔ اپنی ذمہ داریوں کا احساس تک نہیں ہے، لالچ، بددیانتی، نااہلی، غرض سب ہی کچھ ہم میں موجود ہے اور ایک شخص جو اپنی تمام ذمہ داریوں کو ایمانداری سے پورا کرتا ہے، باصلاحیت، سچا اور اپنے کام کا ماہر ہے، تو کیا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ نہیں، آپ بھی میری اس بات سے متفق ہیں، لیکن اب وقت بدل گیا ہے۔ اس دنیا میں اب صلاحیت، قابلیت، ایمانداری، سچائی کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہی ہے، اب جھوٹ ایسا ہے جس پر سچ کا گمان ہونے لگتا ہے، مکروفریب، سچائی واخلاص کو پیچھے چھوڑ گیا ہے۔

لیکن یہ بھی یاد رہے کہ الحمدللہ ہم اپنے آپ کو اہل ایمان کہتے ہیں، مسلمان ہونے کے دعوے دار ہیں۔ اور ہمیں مرنے کے بعد اپنے تمام دنیاوی اعمال کا حساب دینا ہے، ہمیں یاد رکھنا ہے کہ اگر ہم نے دنیا میں تدبر وتقویٰ اختیار نہ کیا، مخلوق خدا سے انصاف نہ کیا، حق دار کو حق ادا نہ کیا تو ہماری بڑی سخت پکڑ ہوگی۔

ہمیں یاد رکھنا ہے کہ یہ زندگی، خوشیوں بھری مگر روحانی وجسمانی اعتبار سے دکھوں سے چور چور ہے اور ایک روز ہم سے واپس لے لی جائے گی۔ اگر سچی خوشیوں سے بھری زندگی کی چاہت ہے، صحت وسکون اور سلامتی کی خواہش ہے، تو پھر ہمیں انصاف کرنا ہوگا۔ اپنی ذات سے بھی اور دوسروں سے بھی تاکہ ہم روز قیامت اس بڑی ذات کے سامنے سرخرو ہو سکیں۔

ہم ایک کارکن ہیں تو ہمیں دلجمعی سے اپنا فرض ادا کرنا ہے، صاحب مرتبہ ہیں تو اپنے ماتحت کے ساتھ انصاف کرنا ہے، اچھے کام کا اچھا صلہ، اللہ تعالیٰ کی بھی ہدایت ہے۔

ذرا سوچیں کیا ہمارا اور آپ کا شمار مثالی انسانوں میں ہوتا ہے؟ کیا ہم سچے، محنتی، باصلاحیت کارکن ہیں؟ ہم کہیں ناانصافی، جھوٹ، بے ایمانی اور کینہ پروری تو نہیں کر رہے ہیں۔ سونپے جانے والے کاموں کے ساتھ پورا پورا انصاف کر رہے ہیں؟ رزق حلال پر پورا یقین رکھتے؟ کیا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندوں میں شامل ہو سکتے ہیں؟

کاروبار دنیا میں بامہارت ہونا، اگرچہ قابلِ تحسین ہے مگر تقویٰ و پرہیز گاری، بہرحال دونوں جہانوں میں کامیابی کی اصل ''کسوٹی'' ہے۔

باری تعالیٰ ہم سب کو آسانیاں عطا فرما دے اور دوسروں میں آسانیاں بانٹنا نصیب کرے (آمین)

ایڈیٹر

ccd.statelife.@yahoo.com


مدیر: سید غلام شبیر شاہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/ اے جی ایم)

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفّظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ،
پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9،
ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725،
کراچی-75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819(021)

لے آؤٹ ڈیزائن: اسپیکٹرم کمیونی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفّظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

# اسٹیٹ لائف بھوربن کنونشن 2016

## اسٹیٹ لائف کے ہونہار بیمہ کار ایک بار پھر روایتی کنونشن میں یکجا... کارپوریشن کے کاروبار کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے عزم کی تجدید

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کا سالانہ کنونشن پرل کانٹی نینٹل ہوٹل بھوربن (مری) میں 20 تا 23 مئی 2016 منعقد ہوا۔ اس کنونشن میں کاروباری اہداف مکمل کرنے والے 200 سے زائد فیلڈ کارکنان وافسران نے شرکت کی۔ اس تقریب میں چیئر پرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب جمیل انور، جنرل منیجرز وڈویژنل ہیڈز، ریجنل چیفز، زونل ہیڈز، اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبران، مارکیٹنگ ڈویژن کے افسران و کمیٹی ممبران نے بھی شرکت فرمائی۔ گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے افسران نے بھی بطور کوالیفائر شرکت کی۔

مندوبین کنونشن صبح ہی سے ہی بھوربن پہنچنا شروع ہو گئے جن کے استقبال اور دیگر انتظامات کے لیے اسٹینڈنگ کمیٹی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان موجود تھے، جہاں ان کو بڑے پرتپاک طریقے سے خوش آمدید کہا گیا۔



جناب اظہر حسین جنرل منیجر مارکیٹنگ شرکاءِ کنونشن سے محوِ گفتگو۔

دوسرے دن صبح سے ہی مندوبین کنونشن ہال میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے۔ چیئر پرسن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جب اسٹیج پر تشریف لائے تو مندوبین نے کھڑے ہو کر پرجوش استقبال کیا۔ اسٹیج پر چیئر پرسن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کے ہمراہ ان فیلڈ کارکنان وافسران کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لیے کہا گیا جنہوں نے 2015 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔



2015 کے ٹاپ کوالیفائرز۔

اسٹیٹ لائف کنونشن کا بنیادی مقصد مارکیٹنگ فورس کو باہم مل بیٹھ کر اپنے تجربات کی روشنی میں فروغِ کاروبار کے لیے تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرنا اور ساتھ ساتھ تفریح کے مواقع فراہم کرنا ہے۔




چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، جناب جمیل انور، جی ایم مارکیٹنگ ٹاپ کوالیفائرز کے ساتھ اسٹیج پر تشریف فرما ہیں۔







افتتاحی اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔ اس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا جس کے احترام میں تمام مندوبین کھڑے ہو گئے۔ بعدازاں جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے2015-16 کا کاروباری جائزہ پیش کیا۔انہوں نے کہا2015 میں کارپوریشن نے سال اول میں15 ارب 72 کروڑ سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کیا۔

انہوں نے کنونشن کے انعقاد کی روایت پر روشنی ڈالی،انہوں نے کہا اسٹیٹ لائف کنونشن ایک روایت بن گیا ہے اور ہر فرد اس میں کوالیفائی کرنے کا خواہشمند ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے کوالیفائرز کی تعداد میں سال بہ سال اضافہ ہو رہا ہے۔

میں نے کم وبیش سارے کنونشن میں بحیثیت ریجنل چیف اور زونل ہیڈ شرکت کی ہے لیکن الحمداللہ آج میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی حیثیت سے آپ سے مخاطب ہوں۔ انہوں نے ان اقدامات کا بھی ذکر کیا جو کارپوریشن نے2016 میں فیلڈ کو متحرک رکھنے کے لیے کیے ہیں۔

انہوں نے بیمہ انڈسٹری میں آنے والے حالات پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی اور زیادہ سے زیادہ کام کرنے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں بیمہ زندگی کے پیغام کو گھر گھر پہنچانا ہوگا۔آخر میں انہوں نے شرکاء کنونشن کو کنونشن میں کوالیفائی کرنے پر مبارکباد پیش کی۔

چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خطاب میں شرکاء کنونشن کو بھوربن آنے کی مبارک باد پیش کی۔انہوں نے شرکاء کنونشن کو اسٹیٹ لائف کو درپیش نئے چیلنجز کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔انہوں نے کہا کہ اعلیٰ سروسز اور محنت کے ذریعے ہی آپ مارکیٹ میں نئے چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں گے۔آنے والے حالات میں محنت کرنے والے لوگوں کو بھرپور پذیرائی ملے گی اور یہ نیم قومی ادارہ اور بھی ترقی کرے گا۔انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کی حیثیت دیگر مالیاتی اداروں سے منفرد ہے ہمیں اسے جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار ان ہی کارکنوں کے دم سے قائم ہے جنہوں نے اپنی ساری توانائیاں خدمت خلق کے لیے وقف کر رکھی ہیں۔آپ لوگوں ہی کی مسلسل محنت کی وجہ سے کارپوریشن نے 2016 کی پہلی سہ ماہی میں پچھلے سال کی پہلی سہ ماہی کے مقابلے میں بہتر بزنس کیا ہے اور مجھے یہ یقین کامل ہے کہ اس سال ہم کارپوریشن کا ریکارڈ بزنس کریں گے۔ اس موقع پر انہوں نے کنونشن 2016 کے لیے کوالیفائی کرنے والے تمام شرکاء کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ میں امید کرتی ہوں کہ نہ صرف آپ، بلکہ آپ کے وہ تمام ساتھی جو کسی وجہ سے اس کنونشن میں شریک نہ ہو سکے، اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے اگلے کنونشن کے لیے کوالیفائی کریں گے اور اپنے سال کو یادگار بنائیں گے۔

تقریر کے اختتام پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے شیلڈز تقسیم کیں ان کے ہمراہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، متعلقہ ریجنل اور زونل ہیڈز بھی تھے۔

اس کے بعد کوالیفائرز کے مابین تجربات کی روشنی میں تقریری مقابلہ ہوا جس میں تمام ریجنز سے کوالیفائرز نے گہری دلچسپی لی۔

''Goal/Target setting & ways of Successful Achievements'' مقابلے



پی سی بھوربن میں حاضرین کی ایک جھلک۔





کا موضوع تھا۔



جناب سید علی عباس ، جی اینڈ پی نے پہلی ، جناب قاسم ، اسلام آباد زون نے دوسری ، سید صداقت حسین ، فیصل آباد زون نے تیسری اور جناب پریم کمار ، کراچی ساؤتھ زون نے کونسولیشن پرائز حاصل کیا۔ بعد میں اول ، دوم اور سوم پوزیشن والوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

کنونشن 2016 کے آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے فرداً فرداً تمام شرکاء کنونشن کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی ، ورکنگ کمیٹی ، مارکیٹنگ ڈویژن اور سی سی ڈی کا بھی شکریہ ادا کیا ، جن لوگوں کی بھرپور محنت سے یہ تمام کام ممکن ہوا ہے۔



شرکاء کنونشن۔

اس کے ساتھ انہوں نے ہوٹل انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ کنونشن 2016 میں کمپیئرنگ کے فرائض جناب عدیل منظور ، ایریا منیجر ، فیصل آباد زون ، اور مس صوفیہ نے انجام دیئے۔

(تحفظ رپورٹ)



حاضرین خطاب سنتے ہوئے۔

# اسلام آباد میں گروپ اینڈ پینشن کانفرنس 2016 کی تقریب کا انعقاد

گزشتہ دنوں گروپ اینڈ پینشن کے زیر اہتمام دو روزہ کانفرنس 2016، اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ جس میں چیئر پرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو، جناب غفران میمن ایگزیکٹوڈائریکٹر جی اینڈ پی، جناب افتخار احمد، جناب فیصل ممتاز جی ایم ایکچو ریل، ملک بھر سے آئے ہوئے گروپ کے زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز نے شرکت کی۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس کانفرنس کا افتتاح جناب غفران میمن ایگزیکٹوڈائریکٹر جی اینڈ پی نے کیا۔




جی ایم، جی اینڈ پی جناب افتخار احمد، جناب غفران میمن ایگزیکٹوڈائریکٹر، جی اینڈ پی کو پھول پیش کررہے ہیں۔

افتتاحی خطاب میں جناب افتخار احمد جی ایم جی اینڈ پی نے گروپ اینڈ پینشن کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے جولائی 2016 تک گروپ کے نئے بزنس کا جائزہ پیش کیا۔ زونل بزنس پرفارمنس پر سلائیڈز کے ذریعے ایک ایک زون کی کارکردگی بیان کی۔ بعدازاں انہوں نے باقی ماندہ سال کے لیے زونز کے ٹارگٹ سیٹ کیے۔ کانفرنس کے دوسرے روز جناب افتخار احمد ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی نے Effective Business Communications پر شرکاء کانفرنس سے خطاب فرمایا۔

جناب فیصل ممتاز جی ایم ایکچو ریل نے گروپ اینڈ پینشن بزنس کے حوالے سے پاکستان میں کام




گروپ اینڈ پینشن کانفرنس۔ لاہور زون کے شرکاء کا ایگزیکٹوڈائریکٹر غفران میمن کے ساتھ گروپ فوٹو۔

کرنے والی کمپنیوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کارپوریشن کو اپنا مارکیٹ شیئر بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے اس موقع پر اسٹیٹ لائف اور دیگر انشورنس کمپنیوں کا موازنہ بھی پیش کیا۔

اس موقع پر جناب محمد عارف اے جی ایم ایکچو ریل نے گروپ بزنس انڈر رائیٹنگ اور پریمیئم ریٹنگ پر سیر حاصل گفتگو فرمائی۔ اس موقع پر مارکیٹنگ فار گروپ بزنس کے حوالے سے ایک سیمینار کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

جناب غفران میمن نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ گروپ اینڈ پینشن کو نئے چیلنجز سے




گروپ اینڈ پینشن کانفرنس۔ کراچی زون کے شرکاء کا ایگزیکٹوڈائریکٹر غفران میمن کے ساتھ گروپ فوٹو۔

نمٹنے کیلئے جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا تاکہ کارکردگی بہتر بنائی جاسکے اور کم وقت میں زیادہ کام کی تکمیل ممکن ہوسکے۔ ہمیں کمپیوٹر کے نظام کو بھی ERP سسٹم پر لے کر جانا ہوگا جس سے کارکردگی بہتر ہوگی اور ٹائم بھی بچے گا، بروقت کلیمز کا سیٹل کرنا اور بہترین سروس فراہم کرنا بھی ہماری ترجیحات ہونی چاہئیں تاکہ ہم مارکیٹ میں اپنے بزنس کو بہتر کرسکیں۔ انہوں نے جی ایم جی اینڈ پی سے فروری تک کے آؤٹ اسٹینڈنگ کلیمز کی تفصیلات معلوم کیں اور ہدایت جاری کی کہ اس کو جلد از جلد سیٹل کیا جائے۔

چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنے اختتامی کلمات میں گروپ اینڈ پینشن کے بزنس کو بہتر کرنے اور سروسز کو بہتر بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے زور دیا کہ گروپ بزنس کے لیے نئی مارکیٹوں کا تلاش کرنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے سیکٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ ملٹی نیشنل کمپنی اور پرائیویٹ سیکٹر کو اپنے نیٹ ورک میں شامل کریں۔ انہوں نے ایسا بزنس کرنے پر زور دیا جو کارپوریشن کے لیے منافع بخش ہو۔ اس موقع پر انہوں نے ایگزیکٹوڈائریکٹر جناب غفران میمن پر زور دیا کہ وہ گروپ اینڈ پینشن کے ملک بھر کے تمام زونل آفس کا دورہ کریں، جس سے بزنس کو بڑھانے میں بھی مدد ملے گی وہیں گروپ اینڈ پینشن کے لوگوں کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی۔ (تحفظ رپورٹ)




گروپ اینڈ پینشن کانفرنس۔ راولپنڈی زون کے شرکاء کا ایگزیکٹوڈائریکٹر غفران میمن کے ساتھ گروپ فوٹو۔

# اسٹیٹ لائف کی مرکزی سیرت کمیٹی کے تحت جلسہ عید میلاد النبی ﷺ کا انعقاد

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف کی مرکزی سیرت کمیٹی برائے عید میلاد النبی ﷺ کے تحت اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، جناب چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ساؤتھ، زونل ہیڈز، یونین کے نمائندوں، مارکیٹنگ فورس، اسٹاف وافسران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

اس جلسہ عید میلاد النبی ﷺ میں قاری ڈاکٹر عطا المصطفیٰ اور علامہ عون محمد نقوی نے حاضرین سے خطاب کیا جبکہ معروف نعت خواں جناب اسد عطاری اور شفیق احمد نے سرور کائنات نبی محترم ﷺ کے حضور ہدیہ نعت پیش کیا۔




علامہ عون محمد نقوی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے۔




قاری ڈاکٹر عطاالمصطفیٰ جمیل خطاب فرما رہے ہیں، اسٹیج پر ریجنل چیف ساؤتھ سعید خان اور زونل ہیڈز ساؤتھ، شرکا تشریف فرما ہیں۔

اس موقع پر مقابلہ نعت خوانی کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں پہلے انعام کا حق دار رحمت علی صدیقی صاحب کو قرار دیا گیا جب کہ جناب ممتاز حسین کو دوسرے اور جناب سید غلام یزدانی کو تیسرے انعام سے نوازا گیا۔

اس موقع پر مقررین نے اتحاد بین المسلمین کا درس دیا اور آپ ﷺ کی ذات مقدسہ کی تعلیمات



صلوٰۃ وسلام کے موقع پر حاضرین باادب کھڑے ہیں۔

بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ ﷺ نے ہمیشہ انسانیت کی قدر کرنے کی ہدایت کی اور اخلاق حمیدہ کے ذریعے تمام عالم میں دین اسلام تیزی سے پھیلا۔ خود کو نمونہ بنا کر پیش کیا۔ آپ ﷺ

رب کائنات کی محبوب ترین برگزیدہ ہستی ہیں اور تمام عالم کیلئے خاتم النبین اور رحمت اللعالمین بنا کر بھیجے گئے۔ معاشرے میں عدل، مساوات، میانہ روی، بڑوں کی عزت، چھوٹوں سے شفقت اور سچ کو اپنانے کی ہمیشہ تلقین فرمائی۔ آپ ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو مسلمانوں کے لیے قابلِ فخر ہے۔

اس تقریب کی نظامت کے فرائض مرزا اقبال بیگ نے انجام دیے جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت جناب محمد امین نے حاصل کی۔

آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خطاب میں تمام شرکاء بشمول قابلِ احترام علماء کرام، نعت خواں حضرات اور اسٹیٹ لائف کے اسٹاف وافسران، خاص طور پر مارکیٹنگ کے شعبہ میں تمام خواتین وحضرات کی شرکت پر شکریہ ادا کیا اور ہمیشہ محنت، لگن اور اخلاص کے ساتھ ادارے کے لیے کام کرنے کی تلقین کی۔ آخر میں جناب مرزا اقبال بیگ نے دعا کرواتے ہوئے ملک و



شرکاء جلسہ دعا کرتے ہوئے۔

ملت کی سلامتی وخوشحالی، ادارے کی ترقی، ادارے کے مرحومین کی مغفرت، بیماروں کی صحت کے لیے دعائیں کیں۔

(رپورٹ: مرزا اقبال بیگ، ڈپٹی منیجر لیگل آفیسرز ڈویژن)

# کراچی میں ریجنل ٹریننگ اکیڈمیز کے پرنسپلز کا دوروزہ اجلاس

ایچ آر ڈی ڈی ڈویژن، پرنسپل آفس میں ریجنل ٹریننگ اکیڈمیز کے پرنسپلز کا دوروزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔اجلاس کی پہلی نشست کا افتتاح قابلِ احترام چیئر پرسن نرگس گھلو نے کیا۔اجلاس میں جناب اعجاز علی زیدی، ڈویژنل ہیڈ(HRDD)، جناب کنہیا لال شاہین، اے جی ایم



چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، جناب اعجاز علی زیدی اور کنھیالال شاہین اسٹیج پرتشریف فرما ہیں۔

(HRDD) اور ریجنل ٹریننگ اکیڈمیز کے پرنسپلز، حافظ رشید احمد (ساؤتھ)، جناب دُرمحمد بالادی (حیدرآباد)، جناب طاہر محمود چیمہ (سینٹرل) جناب عبدالرحمٰن صدیقی (ملتان)، جناب نورمحمد جاوید (نارتھ)، جناب نوید اختر (فیصل آباد) اور جناب ذاکر خان آفریدی (خیبر پختونخواہ) نے شرکت کی۔

تلاوتِ قرآن مجید کے بعد جناب اعجاز علی زیدی، ڈویژنل ہیڈ(HRDD) نے خطبۂ استقبالیہ پیش کیا جس میں تربیتی نشستوں کی ریسرچ، ڈیزائننگ اور انعقاد میں کردار کے حوالے سے HRDD کے مقاصد اور کامیابیوں کا احوال پیش کیا۔

چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو نے HRD ڈویژن کی کاوشوں کو سراہا اور HRDD، اسٹیٹ لائف کی طرف سے ریسرچ اور ٹریننگ کی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کی یقینی دہانی کرتے ہوئے ہمہ وقت سرپرستی کے پختہ عزم کی تجدید کی۔محترمہ چیئر پرسن نے سول ڈیفنس ڈپارٹمنٹ کے ساتھ مل کر فائر فائٹنگ کی ''ٹریننگ کورسز/ڈرلز'' پر خصوصی زور دیا۔مزید برآں انہوں نے ٹریز زاور ٹرینیز کے لیے ترغیبی طریقہ کار کی تیاری کا حکم دیا۔



جی ایم مارکیٹنگ اظہر حسین اجلاس کے شرکاء کے ساتھ

اس اجلاس کا اختتام HRDD کے طے کردہ اہداف کو ان کی حقیقی روح کے مطابق حاصل کرنے کے متفقہ عزم کے ساتھ ہوا۔

(رپورٹ: کنہیالال شاہین،اے جی ایم(HRDD)

## جناب عرفان انور بلوچ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس ہوگئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب عرفان انور بلوچ کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس تعینات کیا گیا ہے۔

جناب عرفان انور بلوچ اس سے قبل اسٹیٹ لائف میں جی ایم بینک ایشورنس، پی ایچ ایس اور پی اینڈ جی ایس کے عہدہ پر بھی تعینات رہے ہیں۔پچھلے دنوں گورنمنٹ آف پاکستان نے ان کو 19 سے 20 گریڈ میں ترقی دے کراُن کے پیرنٹ ڈیپارٹمنٹ میں تعینات کیا تھا۔بعدازاں ایک دفعہ پھر گورنمنٹ آف پاکستان نے جناب عرفان انور بلوچ کو اسٹیٹ لائف میں بحثیت ایگزیکٹیو ڈائریکٹر تعینات کیا ہے۔وہ گزشتہ 19 سال سے زائد عرصے سے گورنمنٹ کے مختلف اداروں میں اہم ذمہ داریاں نبھارہے ہیں۔وہ حکومتی اداروں میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کی ذمہ داریاں نبھارہے تھے، جناب عرفان انور بلوچ پوسٹل لائف انشورنس میں ایڈمنسٹریشن کا طویل اور وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

ادارہ تحفظ انہیں اپنی نئی ذمہ داریوں میں استقامت کے لیے دعاگو ہے اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔

## جناب غفران میمن ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جی اینڈ پی اور لاءڈویژن ہوگئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹ سروسز کے بی ایس20 کے آفیسر جناب غفران میمن کو اسٹیٹ لائف میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جی اینڈ پی اور لاءڈویژن تعینات کیا گیا ہے۔

جناب غفران میمن گزشتہ29 سالوں سے وفاقی، صوبائی محکموں اور پبلک سیکٹر آرگنائزیشن میں مختلف پوزیشنز پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔اس سے قبل جناب غفران میمن بحثیت سربراہ مشن/کونسل جنرل آف پاکستان ہانگ کانگ، کمرشل کونسلر جکارتا انڈونیشیا، ڈائریکٹر ٹریڈ کارپوریشن آف پاکستان، ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان، اسپیشل سیکریٹری داخلہ، سیکریٹری تعلیم، سیکریٹری فش ہاربر اتھارٹی، اور ڈپٹی سیکریٹری فنانس ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ میں بھی اپنی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔

ادارۂ تحفظ جناب غفران میمن کو ان کی نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے دعاگو ہے اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

# فیصل آباد ریجن میں جشنِ بہاراں فیلڈ میلے کا شاندار انعقاد

فیصل آباد ریجن میں فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی اور ان کی کوششوں کی بھرپور پزیرائی کی دیرینہ روایت کے عین مطابق گزشتہ دنوں موسمِ بہار کے سہانے موسم کی مناسبت سے فیصل آباد ریجنل آفس کی طرف سے ایک عالی شان جشنِ بہاراں فیلڈ میلہ کا انعقاد کیا جس میں ریجن کے فیصل آباد، سرگودھا اور جھنگ زون کے کوالیفائرز کی بھاری تعداد نے کامیابی وکامرانی سے جگمگاتے چہروں کے ساتھ بھرپور انداز میں شرکت کی۔ اس موقع پر پنڈال کو نہایت خوب صورتی سے سجایا گیا تھا۔



جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، خالد محمود شاہد ریجنل چیف فیصل آباد اور جناب ایم اکبر مغل زونل ہیڈ جھنگ اسٹیج پر۔

فیصل آباد کے جواد اسپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس میں منعقدہ اس یادگار تقریب میں فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، جناب اظہر حسین نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ان کے علاوہ فیصل آباد سے نارتھ ریجن ٹرانسفر ہونے والے چودھری محمد اعجاز، ریجنل چیف (نارتھ ریجن) اور فیصل آباد کے ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد بھی تقریب میں شریک تھے۔ مہمانوں کی آمد پر جناب ایم اکبر مغل، زونل ہیڈ (جھنگ زون)، چودھری سرفراز احمد، زونل ہیڈ (فیصل آباد زون) اور شیخ ساجد محمود، ایڈیشنل سیکرٹری، فیلڈ ورکرز فیڈریشن سمیت شرکائے تقریب نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔ پھولوں کی پتیوں کی بارش میں انہیں خوب صورت ہار پہنائے گئے اور خیر مقدمی گلدستے پیش کیے گئے۔

اس موقع پر اپنے خطبۂ صدارت میں جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنی مخصوص شعلہ بیانی سے تقریب کو گرماتے ہوئے فیلڈ فورس کو دل وجان سے محنت کرتے




جناب اظہر حسین، ریجنل چیف اور زونل ہیڈز کے ساتھ اسٹیج پر۔

ہوئے کامیابی مزید بلندیاں چھونے اور دیگر ساتھیوں کے لیے مثال بننے کی تلقین کی۔ انہوں نے شرکائے تقریب کو کارپوریشن کی گزشتہ سال کی شان دار کارکردگی سے آگاہ کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو سمیت کارپوریشن کی اعلیٰ انتظامیہ اسٹیٹ لائف کے ہر کارکن کے لیے زیادہ سے زیادہ مراعات مہیا کرنے اور ان کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ آخر میں انہوں نے تقریب منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر خراجِ تحسین پیش کیا۔ (تحفظ رپورٹ)



شرکا جشن بہاراں فیلڈ میلہ۔



# جوش، جذبہ، لگن...
# بدل دے زندگی

## اسٹیٹ لائف کی فیلڈ فورس کا حصہ بنیں

اگر آپ پراعتماد اور متاثر کن شخصیت کے مالک ہیں، تو اسٹیٹ لائف آپ کو سیلز کے شعبے میں کیریئر بنانے کے بہترین مواقع فراہم کر رہا ہے۔

- لامحدود آمدنی
- مرضی کے اوقات کار
- طبی سہولیات
- اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر ترقی کے مواقع




اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

فوری رابطے کے لئے ہمارے قریبی ایریا / زونل آفس یا
ویب سائٹ www.statelife.com.pk وزٹ کیجئے۔



# ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ
# جناب اظہر حسین کا دورہ ملتان

گزشتہ دنوں جناب زیڈ ایم کامران شمسی زونل ہیڈ ملتان زون نے اپنے قائد اور نومنتخب ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین سے ملتان زون کی عظیم فیلڈ فورس کی براہِ راست ملاقات کرانے کا فیصلہ کیا۔ آپ نے اپنے ہر دل عزیز رہنما ریجنل چیف ملتان جناب ایم داؤد ناصر کی مشاورت سے ''خوش آمدید جناب اظہر حسین'' کنٹیسٹ کا اعلان کیا۔ محنتی اور پُر جوش فیلڈ کے





جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ شرکاء میٹنگ سے خطاب فرما رہے ہیں۔

جیالوں نے جناب اظہر حسین سے ملاقات یقینی بنانے کے لیے اس کنٹیسٹ میں بڑی تعداد میں کامیابی حاصل کی۔ جناب زیڈ-ایم-کامران شمسی نے اس موقع پر جناب ایم داؤد ناصر کی مشاورت سے جناب اظہر حسین کو ملتان آنے کی خصوصی دعوت دی اور زونل سربراہ کی طرف سے تشکیل کردہ انتظامی کمیٹی نے آپ کی ہدایات پر مہمانانِ خصوصی اور کامیاب فیلڈ کارکنان کے شایانِ شان ڈنر کا اہتمام کیا۔

اس تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد جناب زیڈ-ایم-کامران شمسی نے استقبالیہ خطاب میں جناب اظہر حسین، جناب ایم داؤد ناصر کا شکریہ ادا کیا کہ جن کی اس تقریب میں آمد سے ملتان زون کی فیلڈ فورس میں نئے جوش و خروش کی لہر پیدا ہوگی۔ جو بلاشبہ ہماری نمبر ون کی پوزیشن کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گی۔ آپ نے جناب اظہر حسین صاحب کو ریجن میں اپنی نمبرون پوزیشن کا یقین دلایا۔

ریجنل چیف ملتان ریجن جناب ایم داؤد ناصر نے شرکاء ملتان زون کو اس کا شاندار ماضی یاد کراتے ہوئے پھر سے نمبرون کی تاریخ دہرانے کا وعدہ لیا اور کہا کہ میں نے کامیابی کی جتنی ''ممکنہ صلاحتیں'' ملتان زون کے کارکنان میں دیکھی ہیں، اتنی کسی بھی زون میں نہیں ہیں۔ آپ نے جناب اظہر حسین کے متعلق بتایا کہ ان پاس اپنی محنت اور کامیابی کی بدولت اتنے گولڈ میڈل ہیں کہ جن کی کوئی مثال نہیں۔

جناب اظہر حسین نے اپنے خطاب میں شرکاء کو اپنے تجربات کی روشنی میں کامیابی کے گُر بتائے۔ آپ نے کہا کہ اگر دیانت داری اور پیشہ ورانہ علم کے تحت محنت کی جائے تو یقین مانئے کہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب آپ خلوص دل سے محنت کرتے ہیں تو آپ کامیابی کی طرف نہیں جاتے بلکہ کامیابی آپ کی طرف آنا شروع کر دیتی ہے۔ دورانِ تقریب کنٹیسٹ کے کوالیفائرز کو جشن آزادی شیلڈ سے بھی نوازا گیا۔ آخر میں تقریب منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

(رپورٹ: محمد افضال قمری، پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان)

## جناب شفیق احمد شیخ ڈویژنل ہیڈ رئیل اسٹیٹ ہو گئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق سیکریٹریٹ گروپ کے بی ایس-19 کے آفیسر جناب شفیق احمد شیخ کو اسٹیٹ لائف کے جنرل منیجر رئیل اسٹیٹ کے عہدہ پر تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سعید صالح جمانی جی ایم (پی اینڈ جی ایس) کی غیر موجودگی میں ڈویژنل ہیڈ (پی اینڈ جی ایس) کا اضافی چارج بھی شفیق احمد شیخ کو سونپا گیا ہے۔

جناب شفیق احمد شیخ نے NED یونیورسٹی سے سول انجینئرنگ میں بیچلر کی ڈگری حاصل کی۔ تعلیم مکمل کر کے وہ بحیثیت اسسٹنٹ انجینئر، پاک پی ڈبلیو ڈی میں تعینات ہوئے۔ دوران نوکری انہوں نے سی ایس ایس کا امتحان پاس کیا۔ اس وقت سے اب تک وہ وفاقی اور صوبائی محکموں میں اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں۔ وہ گزشتہ 15 سالوں سے زائد عرصے سے گورنمنٹ اداروں میں اہم ذمہ داریاں نبھاتے آرہے ہیں۔ قبل ازیں انہوں نے پورٹ قاسم اتھارٹی، گورنمنٹ آف سندھ میں بطور وائس کمشنر سیسی (SESSI)، ایڈیشنل سیکریٹری، ہوم ڈیپارٹمنٹ، ایکسائز ڈیپارٹمنٹ، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ، حکومت سندھ اور منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس میں بھی اپنی خدمات انجام دی ہیں۔

ادارہ تحفظ جناب شفیق احمد شیخ کو اُن کی نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کیلئے دعا گو ہے اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

# موجودہ حالات میں مارکیٹنگ ٹیم کا کردار اہم ہے۔
# چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو کا
# ریجنل فورم میٹنگ سے خطاب

اسٹیٹ لائف کی چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے کہا کہ کارپوریشن میں مارکیٹنگ کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ گزشتہ دنوں کراچی میں اسٹیٹ لائف کے صدر دفتر میں ریجنل فورم میٹنگ سے خطاب فرما رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں آپ لوگوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ درحقیقت ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں، چاہے معاشرتی میدان ہو یا کاروباری شعبہ، اجتماعی ہم آہنگی اور ٹیم ورک کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز پر زور دیا کہ تمام ریجنز اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں، کاروبار میں حائل رکاوٹیں دور کریں، میری ہر قسم کی اعانت آپ کے ساتھ ہے تاہم یہ یاد رکھیں کہ منفی اور مثبت برابر نہیں ہوسکتے۔

انہوں نے ریجنل چیفس پر زور دیا کہ باقی ماندہ سال میں اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں، میری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ قبل ازیں محترمہ نرگس گھلو نے ریجنز کی انفرادی و مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا اور سدرن ریجن، سینٹرل ریجن، نارتھ ریجن اور KPK ریجن کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے پر زور دیا اور کہا کہ حیدرآباد ریجن اور ملتان ریجن ردھم کے تحت چل رہے ہیں۔

اس سے قبل جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے ریجنز کی کاکرکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے چیئرپرسن کو یقین دلایا کہ باقی ماندہ مہینوں میں اسٹیٹ لائف کی کارکردگی کا گراف بلند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میڈم کے آنے سے فیلڈ/ مارکیٹنگ میں ایک نیا جوش اور امنگ پیدا ہوئی ہے۔ ماضی میں ہماری ٹیموں نے وہ کارنامے انجام دیئے ہیں جو انشورنس کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ انہوں نے ریجنز کی کارکردگی کا تنقیدی جائزہ لیا اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ریجنل چیفز سے تجاویز لیں۔ انہوں نے کہا 2016 کے آنے والے مہینوں میں اسٹیٹ لائف کا کاروباری گراف انشاءاللہ بلند ہوگا۔

اس موقع پر ریجنل چیف چوہدری اختر حسین، جناب اقبال گل، جناب ایم داؤد ناصر، جناب طاہر اے خان، چوہدری اعجاز اور جناب خالد منصور نے بھی اپنی گفتگو میں اپنے اپنے ریجن کی کارکردگی، خوبیوں اور خامیوں کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ ہم اپنی پرفارمنس کو دن رات محنت کر کے مزید بہتر بنائیں گے اور اپنے اہداف حتی الامکان پورے کرنے کی کوشش کریں گے۔

پی ایچ ایس، آئی ٹی اور ایف اینڈ اے سے متعلق سوالات کے جوابات جناب افتخار احمد جی ایم پی ایچ ایس، جناب محمد علی جی ایم آئی ٹی اور جناب قائم ضمیر ڈی جی ایم ایف اینڈ اے نے دیئے۔

(تحفظ رپورٹ)



ریجنل فورم میٹنگ کے دوران جناب اظہر حسین جی ایم مارکیٹنگ کے ساتھ ریجنل چیفس کا گروپ فوٹو۔

# ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ
# جناب اظہر حسین کا دورہ بینظیر آباد زون

گزشتہ دنوں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین بینظیر آباد زون تشریف لائے، جناب محمد اقبال گل ریجنل چیف ان کے ہمراہ تھے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب کا بینظیر آباد زون میں پہلا دورہ ہے۔ زون پہنچنے پر ڈویژنل ہیڈ اور ریجنل چیف کا بھرپور استقبال کیا گیا، جس میں زونل ہیڈ بینظیر آباد زون جناب اصغر علی خشک، سیکٹر ہیڈز، ایریا مینجرز، فیلڈ ورکرز، آفیسرز، ایسوسی ایشن اور اسٹاف و افسران نے انہیں خوش آمدید کہا۔



بینظیر آباد زون کے دورے کے موقع پر جناب اظہر حسین جی ایم مارکیٹنگ، جناب محمد اقبال گل ریجنل چیف حیدر آباد اور زونل ہیڈ بینظیر آباد جناب اصغر علی خشک کا دوسرے رفقاء کے ساتھ گروپ فوٹو۔

ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین صاحب نے زون کے تمام ڈپارٹمنٹس کا دورہ کیا اور تمام آفیسرز اور اسٹاف سے ان کے ڈیپارٹمنٹس میں جا کر فرداً فرداً ملے۔ اس موقع پر بینظیر آباد زون کی تقریب حلف برداری بھی ہوئی جس میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے شرکاء سے حلف لیا۔

بعد ازاں ایریا مینجرز، سیلز مینجرز کانفرنس بینظیر آباد کے مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد کی گئی جس کا اہتمام جناب اصغر علی خشک زونل ہیڈ بینظیر آباد نے کیا، اس موقع پر زونل ہیڈ نے اپنے خطاب میں ڈویژنل ہیڈ اور ریجنل چیف کو بینظیر آباد تشریف لانے پر شکریہ ادا کیا، اور کہا کہ یہ میری خوش قسمتی ہے مجھے بینظیر آباد زون کا زونل سربراہ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ نیا زون ہونے کی وجہ سے یہاں پر نیٹ ورکنگ، کمپیوٹرز اور دیگر سہولیات موجود نہیں ہیں اس کے باوجود بھی فیلڈ فورس، ایریا مینجرز، سیکٹر ہیڈ، اسٹاف، افسران، انتھک محنت سے کام کر رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جون 2016 قلب ہمارا زون پلس میں ہے اور ہم نے ماہ جون میں 32 فیصد سال اول پریمیئم میں اضافہ کیا ہے۔

بعد میں ریجنل چیف صاحب نے خطاب کیا اور ڈویژنل ہیڈ صاحب کو دعوت خطاب دی کہ وہ فیلڈ فورس سے مخاطب ہوں، جناب اظہر حسین صاحب نے زونل ہیڈ صاحب کا شکریہ ادا کیا اور زون کے ٹاپ ایریا مینجرز کو ہار پہنائے، انہوں نے فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی کی اور تقریب میں ایریا مینجرز کے لیے ایریا مینجر کانٹیسٹ کا اعلان کیا، ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین نے زون کے لیڈنگ ایریا مینجر عبدالرزاق بڑوی کے لیے 40,000 روپے کیش پرائز کا اعلان کیا۔

(رپورٹ: کاشف اقبال، اسٹنٹ مینجر بینظیر آباد زون)


تقریب کے شرکاء

# ملتان زون میں شاہین گروپ کے کوالیفائرز کو سرٹیفکیٹ کی تقسیم


ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب، ریجنل چیف ملتان ریجن جناب داؤد ناصر صاحب، زونل ہیڈ ملتان زیڈ ایم کامران شمسی صاحب، انچارج ٹریننگ اکیڈمی جناب عبدالرحمٰن صدیقی صاحب شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

ریجنل چیف ملتان اور زونل ہیڈ ملتان کی طرف سے گزشتہ دنوں اعلان کردہ کنٹیسٹ میں شاہین گروپ کے کوالیفائرز کو ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب کے دست مبارک سے Certificate of Appreciation دیے گئے۔ اس تقریب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب، جناب محمد داؤد ناصر ریجنل چیف ملتان ریجن، جناب زیڈ ایم کامران شمسی زونل ہیڈ ملتان، فیلڈ افسران و اسٹاف نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ شرکاء محفل نے پر جوش تالیاں بجا کر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب کو اس تقریب میں خوش آمدید کہا۔


جی ایم مارکیٹنگ اظہر حسین اجلاس کے شرکاء کے ساتھ۔

جناب زیڈ ایم کامران شمسی صاحب نے اپنے استقبالیہ خطاب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب، جناب محمد داؤد ناصر ریجنل چیف ملتان ریجن کا شکریہ ادا کیا۔ آپ نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب کو ماہ جولائی میں 100% اضافہ کا ہدف دیا۔ اور شرکاء کو ماہ رواں میں جاری ''ایدھی تیری عظمت کو سلام'' مقابلے کی اہمیت اور تفصیلات سے آگاہ کیا۔

ریجنل چیف ملتان ریجن جناب ایم داؤد ناصر صاحب نے اپنے خطاب میں Certificate of Appreciation کی اہمیت کو اجاگر کیا اور شرکاء کو بتایا کہ شاہین گروپ کنٹیسٹ دسمبر تک جاری رہے گا اور کامیاب افراد کو اسی طرح پر وقار تقریب میں مدعو کیا جاتا رہے گا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین صاحب نے اپنے تجربات کی روشنی میں کامیابی کے گُر بتائے۔ اور کامیابی کے موضوع پر ویڈیو کلپس بھی دکھائیں اور تمام کامیاب سیلز نمائندگان، سیلز افسران، سیلز منیجران کو اپنے دست مبارک سے تعریفی اسناد سے نوازا۔

(تحفظ رپورٹ)


اظہر حسین صاحب ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کامیاب شرکاء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں، اس موقع پر ریجنل چیف ملتان ریجن جناب داؤد ناصر صاحب، زونل ہیڈ ملتان جناب زید ایم کامران شمسی صاحب اور آغاز سہیل کامران سیکریٹری جنرل فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن بھی موجود ہیں۔

# تصویری خبرنامہ




اریا 1829 کی میٹنگ میں ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد اور سرفراز احمد ٹاپ نمبر 1
سیکٹر ہیڈ محمد سرور کے ساتھ گروپ فوٹو۔



جناب صدیق اکبر زونل ہیڈ ایسٹرن زون جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کو پھول پیش کر رہے ہیں
اس موقع پر چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ساؤتھ بھی موجود ہیں۔



یومِ آزادی کے موقع پر راولپنڈی زون میں ایک تقریب ہوئی اس موقع پر اے۔جی ایم
اسٹاف ٹریننگ جناب جہان بادشاہ خٹک، جناب زبیر اسلم مروت زونل انچارج پی اینڈ
جی ایس، جناب عثمان شیخ ڈپٹی جنرل سیکریٹری اتحاد یونین آفیسرز اینڈ اسٹاف کا گروپ۔



جناب صدیق اکبر زونل ہیڈ ایسٹرن زون، محترمہ شمیم سیلز منیجر کو اُن کی کارکردگی پر
پھول پیش کر رہے ہیں۔ چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ساؤتھ بھی نمایاں ہیں۔



سیکٹر ہیڈ اور ایریا منیجرز کی ماہانہ بزنس میٹنگ میں جناب سعید خان زونل ہیڈ ساؤتھ،
ٹاپ پروڈیوسرز کو ان کی کارکردگی پر پھول پیش کر رہے ہیں۔



جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، جناب ایم داؤد ناصر، اور جناب زیڈ ایم کامران شمسی اسٹیج پر تشریف فرما ہیں۔



اسٹیٹ لائف لاڑکانہ زون کے دورے پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا
ریجنل چیف محمد اقبال گل، زونل ہیڈ سید نور شاہ اور سیلز منیجر گلاب چانڈیو کے ساتھ گروپ فوٹو۔



چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ساؤتھ ریجنل میٹنگ کے دوران اپنے خیالات کا
اظہار کر رہے ہیں، زونل ہیڈ ساؤتھ ایم سعید خان بھی اُن کے ہمراہ ہیں۔

# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



زونل ہیڈ بہاولپور مقبول راٹھ مرحوم بیمہ دار نور احمد کی بیوہ نسرین اختر کو 17,16,750 روپے کا
ڈیتھ کلیم چیک دیتے ہوئے۔ سیکٹر ہیڈ میاں رضوان مجید بھی ہمراہ ہیں۔



ایریا منیجر، بے نظیر آباد زون محمد اسلم ڈاہری مرحوم بیمہ دار غلام شبیر جتوئی کا ڈیتھ کلیم چیک
1,04,00,000 روپے ان کے بھائی جناب غلام سرور جتوئی کو دیتے ہوئے۔



ایریا منیجر محمد رضوان ارشد پالیسی ہولڈر احسان الحق کو میچوریٹی پر 1027590 روپے کا چیک دیتے ہوئے۔
اس موقع پر سیلز منیجر ارشد ملک اور سیلز آفیسر ڈاکٹر رضوان بھی ہمراہ ہیں۔



کراچی ایسٹرن زون۔ زونل سربراہ جناب صدیق اکبر میچورٹی کی مد میں مبلغ 44 لاکھ 22 ہزار روپے کا
چیک جناب ضیا محمد کو پیش کر رہے ہیں۔



محمد اصغر، صدر فیلڈ ورکر فیڈریشن اور محمد آصف رضا، زونل ہیڈ، لاہور سینٹرل زون، مرحوم بیمہ دار سلیم کی
بیوہ کو 600000 روپے کا ڈیتھ کلیم پیش کر رہے ہیں۔




فیصل آباد زون: ایریا منیجر رانا سجاد اکبر، معزز بیمہ دار محمد شفیق کو میچورٹی کی مد میں 3,49,035
روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں۔ سیلز آفیسر محد سلیم بھی نمایاں ہیں۔

# رہنمائی کا فن... چند قابلِ غور باتیں

## (محمد افضل جنجوعہ، سابق ڈویژنل ہیڈ)

رویوں کے حوالے سے رہنمائی کے کئی انداز بیان کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک مطالعہ DISC کہلاتا ہے جو کہ 1928 کی ایک تحقیق پر مبنی ہے۔ آپ دیکھ کر اسے مسترد نہ کردیں۔ آج کل بھی اس حوالے سے سیمینارز وغیرہ ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے راقم نے بھی ایک حالیہ تربیتی پروگرام میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔



آیئے دیکھیں کہ DISC سے کیا مراد ہے؟

''D'' یا DOMINATIVE - اس رویے کا حامل اپنے ساتھیوں کو مغلوب کر کے ان سے کام لیتا ہے۔ گویا وہ ان پر غالب رہنا چاہتا ہے۔ اب وہ غیر معمولی نتائج حاصل کرنا چاہتا ہے اور اکثر کامیاب بھی ہو جاتا ہے۔ اسے سراسر مسترد کرنا یا غلط قرار دینا ٹھیک نہیں ہے۔

''I'' یعنی INFLUENCE - یہ رویہ لوگوں کو اپنے علم، تجربے اور شخصیت سے پیدا ہونے والے اثر ورسوخ کے ذریعے لوگوں پر اثر انداز ہونے اور ان سے کام لینے کا طریقہ ہے۔ یہ انداز بھی اچھے نتائج حاصل کرسکتا ہے۔

''S'' یعنی STEADINESS - مسلسل، لگاتار کام کرنا، ہر وقت مقاصد کے حصول میں خود بھی مصروف رہنا اور کارکنان کو مصروف رکھنا، یہ لوگ بردبار اور ملنسار ہوتے ہیں۔

''C'' COMPLIANCE - یعنی پالیسی پر عمل درآمد کرنا، ایسے لائحہ عمل، پروگرام اور ضروری کاموں کو انجام دینا۔ یہ رہنما زیادہ تر دوسروں کے مددگار رہتے ہیں مگر باعمل (Active) اور مصروف ہوتے ہیں۔

- Dominative = طاقت، اقتدار پر انحصار کرنے والے، مختصراً یوں سمجھ لیں۔
- Influence = لوگوں پر اعتماد کر کے آگے بڑھنے والے۔
- Steadiness = رفتار برقرار رکھنے والے۔
- Compliance = پالیسی پر عمل درآمد کرنے والے۔

سوالات (جوابات علیحدہ کاغذ پر لکھیں یا دل میں بولیں)

1۔ آپ کے خیال میں سب سے اچھا انداز کونسا ہے؟
2۔ آپ کے خیال میں اس کے بعد سب سے اچھا انداز کونسا ہے؟
3۔ آپ کے خیال میں سب سے کم اچھا یا سب سے خراب انداز کونسا ہے؟
4۔ سب سے خراب یا سب سے کم اچھے انداز کے بعد کونسا انداز ہے؟
5۔ آپ جس انداز کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں وہ کتنے فیصد لوگوں میں پایا جاتا ہے؟
6۔ کیا جس انداز کو آپ سب سے خراب سمجھتے ہیں کچھ لوگوں کے نزدیک پسندیدہ ہوسکتا ہے؟
7۔ کیا آپ کے نزدیک ناپسندیدہ انداز اختیار کر کے لوگ کامیاب بھی ہو سکتے ہیں؟

ان تمام سوالات پر غور کرنے کے بعد آپ اپنے لیے ایک رہنمائی کا انداز منتخب کریں اور ایک دوسرا یعنی نعم البدل (Second Best) انداز بھی سوچیں۔ آپ کے خیرہ کن لمحات، روشنی دینے والے خیالات جن کو Light Bulb Moments کہا جاتا ہے، کیا ہیں؟

- وہ تین کام جو آپ اس غور و فکر کی روشنی میں یقیناً کرنا شروع کر دیں گے؟

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________

- وہ تین کام جو آپ اس غور و فکر کی روشنی میں آئندہ نہیں کریں گے؟

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________


- وہ تین کام جو آپ اس غور و فکر کی روشنی میں جاری رکھیں گے؟

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________

ان تمام نکات کو ذہن میں رکھ کر آپ اپنے لیے ایک لائحہ عمل مرتب کریں اور علیحدہ کاغذ پر لکھیں۔

## جناب لیاقت علی شاہد کو زونل ہیڈ ملتان تعینات کیا گیا ہے







جناب لیاقت علی شاہد زونل ہیڈ ملتان، کی تعیناتی پر سینٹرل ریجن کی جانب سے منعقدہ تقریب میں لیاقت علی شاہد زونل ہیڈ ملتان، طاہر اے خان ریجنل چیف سینٹرل، جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف فیصل آباد، جناب ذوالفقار علی گیلانی زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن اور دیگر رفقاء

# Mr. Azhar Hussain Divisional Head (Marketing) visits Hyderabad Zone

Mr. Azhar Hussain, Divisional Head (Marketing) SLIC visited Hyderabad Zone. He was welcomed by the Field Workers Association, Area Managers Association and all the Sector Heads and Area Managers of the Hyderabad Zone, who gathered to receive him along with Regional Chief Hyderabad Region Mr. Muhammad Iqbal Gill.

The meeting started with the recitation of the Holy Quran. Mr. Muhammad Iqbal Gill and the Zonal Head Hyderabad Zone welcomed the GM Marketing and thanked him.

During the business review, Mr. Azhar Hussain addressed the Zonal Head, Sector Heads and Area Managers of Hyderabad Zone and he appreciated and acknowledged their performances; as they had achieved first position in the region. He asked them to boost the business activities and emphasized on induction of quality sales force and he also very much hoped that Hyderabad Zone would once more top the list amongst all other zones in the region.

The Divisional Head (Marketing) announced cash prizes for all Area Managers of the Hyderabad Zone after they presented reviews of their performances and were given business targets for the month of July 2016. He promised and assured all the attendees that the doors of his office will always be open for them to address their genuine problems in the best interest of Hyderabad Zone.

Mr. Muhammad Iqbal Gill, Regional Chief Hyderabad Region congratulated the Zonal Head, all Sector Heads and Area Managers of Hyderabad Zone.



At the end of the meeting, Mr. Abdul Hussain Kapri, Zonal Head Hyderabad Zone appreciated the efforts of all Sector Heads and Area Managers and announced that he will assure that they achieve their base for the whole year before November 2016.

Report by P.S. to Zonal Head, Hyderabad Zone



Mr. Azhar Hussain Divisional Head (Marketing) visits Hyderabad Zone

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

# Tabaffuz

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

September 2016

## BHURBAN CONVENTION 2016















